میرے اس سوال پر وہ مسکرا دیں "ہاں یہ کوشش کی ہوتی کہ بات کبھی نہ بڑھنے پائے، اور آج تک میری آٹھ سالہ ازدواجی زندگی میں ایسا کوئی ناخوشگوار حادثہ نہیں ہوا جس کی تلخ یاد میرے ذہن میں ہو، میں دوسری خواتین کو بھی یہی مشورہ دوں گی کہ جھگڑوں سے ہمیشہ احتراز کریں، مرد کبھی بھی جھگڑالو بیوی کو پسند نہیں کرتا اور خدا نہ کرے یہ معمولی اختلافات آپ میاں بیوی کے درمیان اجنبیت اور کشیدگی کی دیوار کھڑی کر دیں، ایسے جوڑے زندگی کی تلخیوں میں ڈوبتے چلے جاتے ہیں، دوبارہ سطح پر ابھرنے کی امید نہیں رہتی وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے گرداب میں پھنس جاتے ہیں۔"

بیگم جاوید خیابانِ محل میں رہتی ہیں، ان کے گھر میں داخل ہوتے ہی بے ترتیبی اور انتشار کا احساس ہوتا ہے، وہ اونچی آواز سے بچوں کو ڈانٹ رہی تھیں، مگر بچے … یہاں بھی کچھ ایسا ہی منظر تھا، پلنگ بغیر چادر کے، ریڈیو پر دھول اٹی، تصویریں ترچھی، گلدان الٹا، فرش پر جا بجا مونگ پھلی کے چھلکے بکھرے ہوئے۔

میں نے سوچا ان محترمہ سے اس بارے میں پوچھنا فضول ہے، گھر کی حالت اور بکھرا پن تمہارے سوال کا کھلا جواب ہے، پھر بھی کرید کر میں نے پوچھ ہی لیا۔

"آپ کے خیال میں ایک کامیاب ازدواجی زندگی گزارنے کے لئے جھگڑنا ضروری ہے؟

اور کیا آپ بھی اپنے میاں سے جھگڑتی ہیں؟"

ان کا چہرہ پرسکون ہو گیا، بچوں کے ادھم سے یکایک غافل ہو کر بولیں:

"دیکھئے جی! کامیاب زندگی کا جہاں تک تعلق ہے میں سمجھتی ہوں کہ روز لڑائی جھگڑے ہمیشہ ناخوشگواری اور بربادی کا پیش خیمہ ہوتے ہیں کبھی بھی ان کی کامیابی کی دلیل نہیں بن سکتے مگر جہاں تک میاں سے لڑنے جھگڑنے کا تعلق ہے تو یہ میں وثوق سے کہہ سکتی ہوں کہ دنیا میں کوئی عورت نیک سے نیک بیوی بھی یقین سے نہیں کہہ سکتی کہ وہ اپنے میاں سے کبھی نہ لڑی ہو۔

زندگی کے اس طویل سفر میں جھگڑے ناگزیر ہیں۔ جہاں دو برتن ہوں گے ٹکرائیں گے ضرور، میاں بیوی ہزار محبت سے رہتے ہوں کسی بات میں اختلاف نہ ہو پھر بھی کسی بات پر کبھی نہ کبھی ضرور ٹھن جائے گی، ان خاتون نے اپنا غصہ نکالنے کا طریقہ دلچسپ بتایا "جب مجھے ان کی کوئی بات ناگوار گزرے تو میں غصہ اتارنے کے لئے کسی بچے کو نشانہ بنا لیتی ہوں، بہانے بہانے اسے کوسنے لگتی ہوں، یا بات بے بات تو نوبت مار پیٹ پر بھی آ جاتی ہے۔ وہ میرے جھگڑے کا بخوبی اندازہ لگا لیتے ہیں اور خاموشی سے باہر نکل جاتے ہیں، بعد میں مجھے اپنی زیادتی اور نادانی پر ندامت ہوتی ہے کہ بچے بے قصور ہیں، معصوم ہیں، ان سے کس بات کا انتقام لے رہی ہوں۔ تب میں بچے کو گود میں لے کر خوب پیار کرتی ہوں اور اپنا دل ہلکا کر لیتی ہوں، وہ خوش ہو جاتا ہے تو میری ساری کائنات خوشیوں سے بھر جاتی ہے۔"

بیگم کمال کی زندگی اب تک بہت خوش گوار رہی ہے (بقول ان کے) شادی کو پندرہ برس گزر چکے ہیں۔ یوں کہئے گھر اولاد کی سنجیدگی ان کی زندگی میں آ جانی چاہئے تھی، شادی سے پہلے میں سوچا کرتی تھی کہ میاں سے کبھی نہیں لڑوں گی اور گھر کو جنت کا نمونہ بنا کے رکھوں گی، اور وہ آج تک گھر جنت کا نمونہ ہی بنا رہا، مگر جب سے بچے ذرا بڑے ہو گئے ہیں ہم دونوں میں کچھ کشیدگی پیدا ہو چلی ہے۔

"تو کیا بچے آپ کے پرسکون ماحول میں جھگڑے کا سبب ہیں؟" کہنے لگیں،

"یہ بات تو نہیں مگر جب تک چھوٹے تھے کبھی لڑائی نہیں ہوتی تھی، مگر جب سے وہ سمجھدار ہو گئے ہیں ہمارے گھر میں خوشی کی وہ فضا نہیں رہی جو کبھی ہوا کرتی تھی، دراصل بچوں کی تربیت کے بارے میں ہم دونوں کے نظریات الگ الگ ہیں، وہ بچوں کو کھلی چھوٹ دینے کے قائل ہیں، آزاد فضا میں پرورش کرنا چاہتے ہیں اور میں اس کے سراسر خلاف ہوں، لڑکے تو خیر مرد ہیں اپنے آپ پر کنٹرول کر سکتے ہیں مگر لڑکیوں کی ایسی تربیت کے بہت خلاف ہوں، بس اسی بات پر ہم دونوں کی آپس میں نوک جھونک ہو جاتی ہے جو بڑھتے بڑھتے جھگڑے کی صورت اختیار کر جاتی ہے، وہ کہتے ہیں۔

"بیگم خواہ مخواہ کی پابندیاں اچھی نہیں ہوتیں۔ بچوں کو آزادی کے ساتھ زندگی گزارنے کا موقع دو۔ کبھی کبھار اگر وہ کوئی فلم دیکھ لیں یا کبھی باہر جا کے دوستوں سہیلیوں کے ساتھ میل ملاپ رکھیں تو نہایت ضروری ہے، وہ بچپن سے گھٹن میں رہیں گے تو بڑے ہو کر معاشرے میں کوئی مقام پیدا نہ کر سکیں گے، میں اپنے بچوں کو یہی تربیت دینا چاہتا ہوں۔"

آپ یقین کریں، میں خون کے آنسو پی کر رہ جاتی ہوں، اگرچہ میں اپنے میاں کو بے انتہا چاہتی ہوں اور اس چاہت میں ان کی ہر بات ماننی چاہئے مگر اس موقع پر مجھے بے حد غصہ آتا ہے، میں چاہتی ہوں .... میرے اپنے بچے ہیں میں جس طرح چاہوں ان کی تربیت کروں اور پھر ماں اپنے بچوں کی دشمن تو نہیں ہوتی، اس صورت میں مجھے اپنی ازدواجی زندگی کے لئے ناخوشگواری کا پیش خیمہ لگنے لگتے ہیں۔"

مجھے یہ سن کر بہت دکھ ہوا، میں نے کہا بچوں کی تربیت کے بارے میں آپ دونوں کے نظریات انتہا پسند ہیں۔ ان کو اتنی آزادی دینا کہ بعد میں آپ کو پچھتانا پڑے اور اتنی پابندیاں بھی عائد کرنا کہ وہ خود کو قیدی تصور کریں، آپ یوں کریں کہ اپنے خیالات کو تھوڑی سی وسعت دیں اور میاں کو پیار محبت سے قائل کریں کہ بچوں کے لئے بہت زیادہ آزادی نقصان دہ ہوتی ہے، وہ یقیناً اپنے نظریات میں تھوڑی سی کمی کر لیں گے، بچے بے قصور ہیں جب ماں باپ ان کو چلائیں گے وہ چل پڑیں گے۔ کبھی بھی اپنے دل میں یہ خیال مت لائیے کہ آپ کے جھگڑوں کا سبب آپ کے بچے ہیں۔"

ان خواتین سے ملنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچی ہوں کہ کامیاب سے کامیاب ازدواجی زندگی بھی بغیر لڑائی جھگڑے نہیں گزر سکتی۔ مجھے ایک بھی خاتون ایسی نہیں ملیں جو یقین سے کہہ سکیں کہ آج تک اپنے میاں سے ان کا جھگڑا نہیں ہوا، ویسے میں اس بات کی قائل نہیں ہوں کہ زندگی کی بنیاد ہی جھگڑوں پر رکھی جائے اور گھر میں شور و غل برپا کیا جائے، جہاں تک ہو سکے معمولی جھگڑوں سے بھی بچنا چاہئے، کیونکہ یہ معمولی جھگڑے بڑھ کر کسی بھی غلط فہمی کا روپ بدل لیں پھر آپ کے لئے گھر کی فضا کو خوشگوار رکھنا مشکل ہو جائے گا اور پھر یہی جھگڑے جو صلح صفائی سے ہو سکتے تھے، … ان کی عقلمندی ہے، مگر خواتین کی اکثریت جو کامیاب زندگی گزار رہی ہیں وہ بھی کبھی کبھار اپنے شوہروں سے خفا ہو جاتی ہیں، پیار کی ترنگ میں جھگڑ بیٹھتی ہیں اور بقول ان کے "زندگی میں چاشنی پیدا ہو جاتی ہے" آپ خاتونِ خانہ بھی اسی حد پر قائم رہئے۔ لیکن یہ چاشنی ایک ہلکی سی آنچ کی کمی نہ ہونے دیں، زندگی کی مٹھاس قدر کو اپنائیے، اپنے حسنِ اخلاق سے اور پیاری شخصیت سے اپنے شوہر کو اپنا گرویدہ بنائیے، پھر بے شک جھگڑے کے بھی وہ آپ کی ہر فرمائش مان لیں گے، مرد عورت کی پیشانی پر پڑے بل کو دیکھ کر دور بھاگتا ہے مگر عورت کے ہونٹوں پر کھیلتی حسین مسکراہٹ کو دیکھ کر اس کے سحر میں کھو جاتا ہے۔

حسنِ انتخاب

بزمِ اردو کبھی دیکھو آ کر مل جائیں گے
اہلِ دل ایک سے ایک اہلِ زباں ایک سے ایک
فراق

سلطان محمد قلی قطب شاہ
(اردو زبان کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر)

سلطان محمد قلی قطب شاہ، قطب شاہی خاندان کا پانچواں بادشاہ تھا جس نے ۱۵۸۰ء سے ۱۶۱۱ء تک گولکنڈہ پر حکومت کی۔ اپنی تخت نشینی کے دس سال بعد اس نے شہر حیدرآباد دکن کی بنیاد ڈالی اور اس کو اپنا پایۂ تخت قرار دیا۔ اسی وقت وہاں جو زبان رائج و جاری تھی وہ اردو کی ابتدائی شکل "دکنی" تھی۔ محمد قلی کا دیوان اسی زبان میں اردو کا پہلا مستند اور مطبوعہ نقش ہے۔ گو اس سے پہلے امیر خسرو، خواجہ نظام الدین اولیا، خواجہ بندہ نواز وغیرہ کے کچھ صوفیانہ رسائل ملتے ہیں جن میں اردوئے قدیم کی جھلکیاں موجود ہیں۔ لیکن اب تک کی تحقیقات کے مطابق محمد قلی سے پہلے ہمیں کسی اور شاعر کا دیوان نہیں ملتا۔ محمد قلی کا دیوان اٹھارہ سو صفحات اور پچاس ہزار اشعار پر مشتمل ہے۔ اس دیوان میں غزلیں، مثنویاں، قصیدے، مرثیے، نظمیں، رباعیاں غرض جملہ اصنافِ سخن کے وافر نمونے موجود ہیں۔ حافظ کے کلام کا محمد قلی نے گہرا مطالعہ کیا تھا۔ چنانچہ اس کے کلام میں جگہ جگہ حافظ کا رنگ موجود ہے۔

غزل محمد قلی کی محبوب صنفِ سخن تھی اور حسن و عشق اس کا پسندیدہ موضوع۔ اگرچہ زبان کی قدامت اور طرزِ ادا کی کہنگی نے محمد قلی کے کلام کی خوبیوں پر پردہ ڈال دیا ہے۔ لیکن جو لوگ چار سو برس پہلے کی زبان کا اندازہ لگا سکتے ہیں انھیں احساس ہو گا کہ ایک نوخیز زبان میں کس مہارت کے ساتھ جذباتِ حسن و عشق کی ترجمانی کی گئی ہے ۔

پیا بس سو گماؤں رات ساری
تمن انکھیاں ہیں پانی میں خماری

✪

سنو لوگو میری پرم کی کہانی
کہ پیلا ہے رنگ عاشق کی نشانی

✪

پیا باج پیالا پیا جائے نا
پیا باج یک تل جیا جائے نا

✪

قطب شہ نہ دے مجھ دوانے کو پند
دوانے کو کچھ پند دیا جائے نا

✪

محبت کی لذت فرشتیاں کو نیں ہے
بہوت سعی سوں میں یہ لذت پچھانی

✪

متروک الفاظ:-

تمن = تمہاری	بہوت = بہت
پرم = پریم	سوں = سے
نیں = نہیں	باج = بغیر
فرشتیاں = فرشتے	یک تل = ایک پل

✩ ✩ ✩

قوموں کی سیرت اور کردار کی تشکیل میں مقصد کا تعین

اِمتیاز الدین، ٹورانٹو

ہر فرد اور ملت کے سامنے ایک سے زائد مقاصد ہوتے ہیں اور تمام مقاصد ایک وقت میں تکمیل نہیں پاتے۔ کیونکہ ہر مقصد کی تکمیل کے لیے ایک معین وقت درکار ہے۔ مقصد کی تکمیل کیلئے یہ امر بھی لازم ہے کہ عمل کا تسلسل قائم رہے۔ ہماری آنکھوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے کئی مقاصد کو انکے تکمیلی مدارج طے کرتے دیکھا ہے۔ اور اگر ہم لقید حیات رہے تو اور بھی دیکھیں گے۔

کچھ لوگ ہر مقصد کی تکمیل کے بعد ایک نیا مقصد اپنے سامنے رکھتے ہیں۔ اور اسکی تکمیل میں معروف ہو جاتے ہیں لیکن ہماری آزادی کی تاریخ میں ایسے بیشتر ثبوت ملتے ہیں۔ جن سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرسکتے ہیں کہ ہماری ملت نے اپنے تلون مزاج کیوجہ سے ایک مقصد کی تکمیل سے قبل ہی دوسرے دومقصد کیطرف قدم بڑھائے۔ جیسے نتیجے سے ہم واقف ہیں۔ وقت کا زیاں ہوا اور ہمیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ عزم اور عمل پیہم کے فقدان کیوجہ سے ہم نے بے حد گراں بہا نقصان اٹھاتے ہیں۔

انسان اپنی حیات کی تگ و دو میں خواہ کتنا ہی سرگرداں کیوں نہ رہے۔ لیکن حیات کا ایک خاص نظریہ اسکا مقصد اور ماحصل حیات بن جانا چاہیے۔ لیں تعلیم مقصد کا حصول اور راہوں کا تعین کرنا ہی انسان کی فکری صلاحیتوں کا ایک کٹھن امتحان ہوتا ہے۔ کرۂ ارض کے تمام انسان مختلف عقائدی گروہ میں تقسیم ہیں۔ جن پر بحث فی الوقت ایک لاحاصل امر ہے لیکن ہمارا تعلق جس انسانی گروہ سے ہے اس کا تعلق حیات کے اس نظریہ سے ہے۔ جسکو اسلامی نظریہ حیات کہا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے اس گروہ کے ہر اس فرد پر جو حسی اور شعوری اعتبار سے بالغ ہے۔ یہ فرض عاید ہوتا ہے کہ اس نے اپنے مقصد کا کس حد تک تعین کیا ہے۔

اب یہ بات لٹنا سوال بن جاتی ہے کہ یہ اسلامی اتحاد کیا چیز ہے۔ اور وہ کیونکر حاصل ہو سکتا ہے۔ اس عظیم تر اسلامی اتحاد کی توضیح آپ کسی انداز میں کرلیں اور اسکے سامنے ضوابط وروابط اسلامی اتحاد کے فرضے سے بحث کریں قائم ہوسکتے اور اگر اسے کوئی اپنے منطقی دلائل سے جھٹلانے کی کوشش بھی کرے تو وہ بحث تو ضرور جائے گا۔ لیکن اپنی روح لیا تو باقی نہیں رہ سکتا۔ قرون وسطیٰ سے لے کر اب تک برصغیر کے مسلمانوں کی یہی خوبی رہی ہے کہ انہوں نے اول سے لیکر آخر تک اسلام ہی کو اپنی امنگوں کا سرچشمہ اور آرزوں کا ملجا سمجھا۔ یہی ایک بات ہمکو عالم اسلام میں دوسروں سے نمایاں کرتی ہے۔ کہ ہم فطری طور پر اتحادِ اسلامی کی خمیر اپنے میں رکھتے ہیں۔ ہم ارکان اسلامی۔ فرائض اسلامی اور اتحاد اسلامی سے کتنا ہی یقین تعلق رکھتے ہیں۔ اور ان فرائض مذکورہ سے کس حد تک منسلک ہیں۔ اسلام کی یہ تین مختلف اجزاء کی اہمیت اپنی جگہ پر اٹل ہے اولین دو سے ہٹ کر ہمیں آخر الذکر کی اہمیت واضح کرنا ہوگی۔ جسکا تعلق ہر ایک مسلمان اور ہر دور اسلامی سے ہے! ۔

اتحادِ اسلامی کا مطلب : ۔

اتحاد اسلامی کی اول شرط ہی اسلام کی وہ ڈوری ہے جس کا ایک سرا ازلیقہ سے شروع ہوکر انڈونیشیا اور ملیشیا پر ختم ہوتا ہے اس رسی کی نوٹ میں ہمہ اقسام کے ریشے ہیں۔ اگر اس رسی کا ہر ریشہ انتہائی مضبوطی کیساتھ دوسرے ریشے سے مل جائے۔ تو رسی انتہائی مضبوط ہو جائے گی اور بیرونی طاقتیں اُسے توڑ نہیں سکیں گی۔

اتحاد اسلامی کی دوسری اہم شرط اور اس کا پلئے وقار ہماری ساداتِ ہیں۔ جو بلا امتیاز رنگ ونسل اور زبان کے ہمیں آپس میں متحد ہونے کی دعوت دیتا ہے اگرچہ ہمارے درمیان جغرافیائی اور لسانی تفاوت موجود ہیں لیکن ہمکو یہ توقع رکھنی چاہیے کہ ایک دن آئیگا کہ یہ تو تفرقے کسی حد تک مٹ جائیں گے۔ کم از کم اگر ہم بین الاقوامی مسائل میں ایک دوسرے سے متحد ہو جائیں تو یقیناً بہت سے مسائل خود بخود حل ہو جائیں گے۔ ہماری حالیہ جنگ کی ناکامی اسباب کی ملی دلیل ہے۔ ہم میں کس قدر نفاق تھا۔ اور اس نفاق کا نتیجہ یہ نکلا کہ نہ صرف دشمن ہم پر غالب آگیا۔ بلکہ سالمیت پارہ پارہ ہوگئی گزشتہ تجربات نے جو ہمیں یورپ میں ۶۷ء کی عرب اسرائیلی جنگ کے بعد اور یہاں بھارت اور پاکستان کی جنگ کے بعد حاصل ہوئے۔ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور کیا کہ ہر قوت ملت اسلامیہ کی دشمن ہے اور مسلمان ہر ایک کے دام فریب میں اسیر ہے۔

کیا آپ کو خلافت عثمانیہ کی بربادی کا علم نہیں کہ اسے کس نے برباد کیا! کیا آپ کو اسکا علم نہیں کہ صلاح الدین ایوبی کے خلاف مسلسل سال صلیبی جنگیں کس نے لڑی تھیں۔ ان مغربی اقوام سے یہ توقع رکھنا کہ وہ اپنے برے وقت میں کام آئیگی ایک ایسا سہانا خواب ہے جیسے ایک نادان بچہ اپنی خواہش کی کوئی شے پاتا ہے مغربی اقوام کی وہ خوبیاں جس نے ان اقوام کو بام عروج پر پہنچایا۔ ضرور سیکھئے۔ جیسے ان اقوام نے اپنے کام سے سچی لگن۔ بے لوث خدمت۔ بے جا جذبات سے پرہیز۔ نظم وضبط اور اصول پروری۔ یہ چند خصوصیات ایسی ہیں۔ جنہیں چاہیے کہ ہماری قوم بدرجہ اتم تک اپنالے۔ جب تک ہماری قوم کی عورتوں اور مردوں میں تدبر نہیں آئے گا۔ ہمارے ملک اور قوم کا ترقی کرنا ایک دشوار گزار امر بن جائے گا۔

یہ بات ہمارے ذہنوں میں نقش فی الحجر بن جانا چاہیے کہ ہماری مدد کرنے والا کوئی نہیں۔ ہمیں صرف اپنی مدد آپ کرنی ہوگی۔

ہم میں سے ہر فرد کو چاہیے کہ اسلامی اتحاد کو اپنا نظریہ زندگی بنائے۔ اور حتی المقدر اسکے تحت اپنے ملک اور قوم کی خدمت کرے۔ ملک اور قوم کی خدمت اسطرح ہو سکتی ہے کہ آپ اپنے ذاتی مفاد کو ملک اور قوم کے مفاد پر فوقیت نہ دیں ہر قوم کی تعمیری ترقی اور جد وجہد میں اس قوم کے اپنے مزاج اور کردار کا بڑا عمل ہوتا ہے جیسے عام طور پر قومی کردار سے موسوم کیا جاتا ہے اور ہر نظام کو چلانے کے لیئے ایک خاص قسم کے قومی مزاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ علم عمرانیات میں یہ مسئلہ کافی بحث و مباحث کا موضوع بنا رہا ہے کہ ایک معاشرہ بحیثیت مجموعی کس حد تک اپنے افراد کی انفرادی سیرت اور کردار کی عکاسی کرتا ہے۔ ان علمی مسائل میں الجھے بغیر ہم کہیں گے کہ انفرادی اور قومی سیرت و کردار کے معیار جہاں ایک دوسرے کو متاثر کرتے ہیں وہیں انکے مظاہر کے دائرے ایک حد تک الگ الگ بھی ہوتے ہیں ہر قوم میں دیانت دار افراد بھی پائے جاتے ہیں اور بددیانت بھی۔ تعلیم یافتہ اور جاہل بھی چالاک اور بیوقوف بھی سنجیدہ اور بردبار بھی۔ بےعزت اور باعزت بھی۔ ذلیل بھی اور خوددار بھی لیکن قوم کے اندر جن خاصیتوں کا اثر غالب ہوتا ہے وہ اسکے اجتماعی کردار کو اپنے رنگ میں رنگ لیتی ہے اور قومی سطح پر اس قوم سے اسکے مطابق اعمال صادر ہوتے ہیں اور دنیا ان کی طرف یہی مزاج و کردار منسوب کرتی ہے۔ یہ قومی مزاج قوم کے ذہن و فکر پر اسطرح چھا جاتا ہے۔ کہ وہ فرد بھی جن میں انفرادی طور پر اسکے برعکس عادات پائی جاتی ہوں۔ قومی معاملات میں اسی مزاج کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اور جب بھی وہ کسی قومی مسئلہ پر اظہار رائے کرتے ہیں۔ تو ان کا رجحان غیر شعوری طور پر اسی مزاج کے مطابق ہوتا ہے۔ یہ قوم اپنے اجتماعی معاملات کو اسطرح چلاتی ہے کہ دنیا اسکے مزاج کے متعلق ایک رائے قائم کرلیتی ہے۔ اور کیفیت یہ ہو جاتی ہے کہ بعض اوقات اس قوم کے متعلق پیشگی رائے قائم کی جاسکتی ہے کہ فلاں مسئلے یا معاملے میں اس قوم کا ردعمل یہ ہوگا۔ جب اس قوم کے افراد دوسرے ملک میں جاتے ہیں۔ تو انکے مجموعی طرز عمل میں مغربی قومیں انکے اجتماعی مزاج کی جھلک واضح طور پر دیکھتے ہیں۔ قومی مزاج کا یہ تصور نفسیات کا ایک دلچسپ موضوع ہی نہیں بلکہ کسی قوم کی ترقی و انحطاط کے معاملے میں اہم ترین بنیاد کی حیثیت رکھتا ہے۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ بڑھنے۔ ترقی کرنے اور نشوونما پانے کی امنگ اور خواہش جس قوم میں پائی جاتی ہے۔ وہی قوم ترقی بھی کرسکتی ہے لیکن جس قوم میں ذہن و فکر اور مزاج پر جمود اور مردنی کی کیفیت طاری ہو۔ اسکے لیئے ترقی کرنیکا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ترقی کے ولولوں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے۔ حوصلہ مندی اولوالعزمی۔ بردباری محنت۔ جذبہ قربانی۔ نظم وضبط۔ خلوص۔ اجتماعی مسائل کا شعور۔ جدت پسندی اور اسی قسم کی دوسری خصوصیات کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہی قوم ترقی کرسکے گی۔ جسکے ذہن اور مزاج اور سیرت و کردار میں ان خصوصیات کا عکس اس نسبت سے پایا جاتا ہو۔ جس نسبت سے اسکا پایا جانا حصول مقصد کیلئے مفید ہو سکتا ہے

آج ہم اپنے وطن سے دور یوم استقلال مناتے ہوئے اس عزم مصمم سے اپنی زندگی کو ڈھالنے کی کوشش کریں گے۔ ہماری ~~ایسی~~ والی نسلیں۔ ہم سے اس بات کی شاکی نہ رہیں گی کہ ہم نے نہ صرف اپنے آپ کو غار ذلت میں دھکیلا۔ بلکہ انہیں بھی وہی راستہ دکھلایا۔

○○○○○○

○○○○○○

قرار دادِ پاکستان بنگالی رہنما مولوی فضل الحق نے پیش کی تھی

اس میں ترمیم بھی بنگالی لیڈر حسین شہید سہروردی نے کی تھی

(۲)


آج جب ہم تاریخ کا ایک اہم ماخذ ملتا ہیں ساتھ لیے طلوع ہوا ہے۔ تحریک پاکستان میں حصہ لینے والے رہنما اور ہر دور جد آزادی پر قربانیاں دینے والے بالخصوص زعما اور جو کئی اس سال بے صورت بن کے دل رنج و الم سے بوجھل اور آنکھیں اشکبار ہیں۔ وہ لوگ جنہوں نے قیام پاکستان کے لیے انگریز ہندو، سکھ اور دیگر غیر مسلم طاقتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا تھا اور ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے ایک الگ خطۂ پاک حاصل کرنے کے لیے لازوال قربانیاں دی تھیں۔ جنہوں نے قافلۂ حریت کو منزل مراد تک پہنچایا تھا اور جو خاک آگ اور خون میں ڈوب کر دنیا کے نقشے پر ابھرا تھا وہ دیکھتے ہی دیکھتے ۲۵ سال میں کیا سے کیا ہو گیا۔ ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں قرار داد لاہور منظور ہوئی اور ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو اس قرار داد نے عملی صورت اختیار کی اور دسمبر ۱۹۷۱ء میں ہم اپنے وطن عزیز کے بڑے حصے سے محروم ہو گئے۔ اور اس محرومی کا احساس اس وقت اور بھی شدید ہو جاتا ہے جب ہم یہ سوچتے ہیں کہ پاکستان کے بنانے والوں میں بنگال کے مسلمان پیش پیش تھے۔ اور انھوں نے حصول پاکستان کے لیے سب سے بڑی قربانیاں دی تھیں۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی بنیاد ۱۹۰۶ء میں ڈھاکہ ہی میں رکھی گئی تھی اور ہندوستان کے مسلمانوں میں جذبۂ آزادی بیدار کرنے میں بنگال ہی کے مسلمانوں نے تحریک شروع کی تھی۔ برصغیر کے مسلمانوں میں سیاسی، سماجی، ثقافتی اور اقتصادی ترقی میں بنگال کے مسلمانوں نے ناقابل فراموش کردار ادا کیا تھا۔ آج ہم ...

قرار داد کے باوجود

قیام پاکستان کے محرکات

بقیہ صفحہ نمبر ۱۲

TRAVEL BOOTH



THE LATEST TRAVEL
INFORMATION CENTRE
IN TORONTO.

CALL 964 3333 FOR INFORMATIONS.

REAL ESTATE

"The best investment on Earth"

Buying, Selling or Investing

in

o Apartments o Mortgages o Business

ISMAIL A. PATEL

MICHAEL J. DAVID
REALTOR
844 YONGE ST. TORONTO

929-0174.
924-6590

ادبیات

شیشے کی آنکھ

بشکریہ اردو ڈائجسٹ

لبنیٰ عزت، لاہور

"راجی او راجی...... دیکھ تو آ کر میں تیرے لیے کیا لایا ہوں!" بوڑھے کرم دین نے گھر میں داخل ہوتے ہی کہا اور گول مٹول سی لڑکی دوڑتی ہوئی ان کے پاس جا کھڑی ہوئی۔

"تو خود ہی دیکھ لے...... یہ دیکھ......" بابا نے عجیب سا کھلونا اپنی دو انگلیوں میں نچایا۔ رضیہ نے غور سے دیکھا، پھر بولی: "بابا! یہ تو ایک درانتی ہے اور درانتی کے دستے میں پھنسا ہوا ہے کا ایک حلقہ ہے اور اس حلقے میں الجھی ہوئی ایک گڑیا ہے۔ موٹی موٹی آنکھوں والی گڑیا۔" اس نے بابا کے ہاتھ سے وہ کھلونا لے لیا۔ بابا نے بہت پیار سے کہا: "ٹھیک کہا راجی یہ گڑیا ہے۔" راجی نے اسے گھما پھرا کر دیکھا۔ "بھلا یہ بھی کوئی کھلونا ہے؟"

"ہاں...... ہاں بٹیا کھلونا ہی تو ہے...... اب جلدی سے اس کو کہیں رکھ آ۔ شام ہو گئی ہے۔ مجھے بھوک لگ رہی ہے۔ پھر دیکھنا اسے۔"

وہ بھاگی بھاگی ایک طاقچے کے پاس گئی۔ سوت کا تاگا دھاگا درانتی کے دستے سے باندھا۔ جا پودوں کی چھوٹی سی کیاری میں جا کر بیلی کی نازک شاخ سے اس کا سرا باندھ دیا۔ درانتی میں پھنسا ہوا حلقہ اور حلقے میں الجھی ہوئی گڑیا جھولنے لگی۔ رضیہ اسے دیکھ کر بے اختیار ہنس پڑی۔ بابا نے آواز دی: "پاگل آپ ہی آپ ہنستی ہے۔ دیوانی! چل ادھر آ۔"

"آکر تو دیکھو بابا کڑیا جھول رہی ہے......" اس نے ہنستے ہنستے کہا۔ بابا نے جلدی سے کھلونوں سے سجا ہوا جھولا درخت کے نیچے ٹھہرا کر۔ بابا اور گڑیا کو دیکھنے لگے۔ وہ دونوں بچوں کی طرح اسے دیکھ رہے تھے اور ہنس رہے تھے۔ اچانک بابا نے کہا: "میری شیشے کی آنکھ میں تو دیکھ آج دل کیا سوچ رہا ہے۔" رضیہ نے شیشے کی آنکھ میں گھورا۔ ہنسا جانا کا اور بولی:

"لگتا ہے بابا! چاند کا ایک کنارا بادل میں چھپتا چلا جاتا ہے اور دوسرے پر کچھ طاری ہے اور بابا ایسا بھی لگتا ہے جیسے کوئی کسان چارپائی پر بیٹھا ہو۔" رضیہ کے معصوم چہرے پر سنجیدگی چھا گئی۔

"سچ کہتی ہوں بابا یہی دکھائی دے رہا ہے؟"

"ہاں! ہاں تو ٹھیک کہہ رہی ہے۔ مجھے بھی ابھی ابھی کھاٹ گھسیٹ کر اس پر کسی کے بیٹھنے کی آواز آئی تھی۔"

بابا نے کہا۔ رضیہ نے مسکراتے ہوئے بابا کے گلے میں بانہیں ڈال دیں۔ "آج میرے کھانے کے لیے کیا لائے ہو؟"

بابا نے اس کی گہری سیاہ آنکھوں میں جھانک کر کہا: "بہت کچھ......" اور ایک چونی اس کی صاف اور نرم ہتھیلی پر رکھ دی۔ وہ اتنی خوش ہوئی جیسے خزانہ مل گیا ہو۔

سورج اپنا رنگ کھو کر پیڑوں کے پیچھے ڈھلک گیا تھا۔ ہلکی ہلکی کرنیں زمین پر اتر آئی تھیں اور پھر وہ کرنیں گھنا اندھیرا بن گئیں۔ رضیہ گہری نیند سو گئی لیکن بابا جاگ رہے تھے۔ وہ ماضی میں ڈوبے کروٹیں لے رہے تھے۔ انہیں یاد آ رہا تھا جب وہ مسلم لیگ کا جھنڈا تھامے "پاکستان بن کر رہے گا" "قائداعظم زندہ باد" کے نعرے لگا رہے تھے۔ دوسری طرف سے کانگریس کا جلوس آ رہا تھا۔ جلوس بے حد مشتعل تھے۔ اپنے اپنے لیڈروں کے نعرے لگاتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے اور پھر فساد ہوتے ہوتے رہ گیا۔ انہیں یاد آیا جس روز پاکستان بنا ایک سکھ ہندو غنڈے چڑھ آئے اور تمام گھر والوں کو ایک ایک کر کے شہید کر دیا۔ انہوں نے مقابلہ کیا لیکن وہ اپنے کسی عزیز کو بھی نہ بچا سکے اور جب ہندو غنڈے غنیمت ان کے بیٹے کو پیٹ جانے لگے تو وہ چلا اٹھے تھے: "ہائے۔" اس معصوم نے تو کسی کا کیا بگاڑا ہے۔ انہیں تو مار دو، مگر غنڈے نے ایک ہی وار میں ننھی سی جان لے لی۔ گویا ظالم ان کو پاکستان بننے کی سزا دے رہا تھا۔ پھر وہ غنڈہ اس ننھے بچے کو موت کے گھاٹ اتار کر ان کی جانب لپکا

اور للکارا: "تو ان آنکھوں سے پاکستان نہ دیکھ سکے گا اور پھر اس کی دائیں آنکھ پر وار کر دیا۔ وہ زمین پر گر پڑے اور بے ہوش ہو گئے۔

ہوش آیا تو بابا نے اپنے آپ کو پناہ گزینوں کے کیمپ میں پایا۔ ان کی آنکھوں پر پٹی بندھی تھی۔ جانے کتنی دیر تک وہ سب سدھ بدھ کھوئے رہے تھے۔ ان کے کانوں میں برابر رونے پیٹنے کی آوازیں آ رہی تھیں۔ عورتیں بین کر رہی تھیں، بچے بلبلا رہے تھے۔ مردوں کے پھوٹ پھوٹ کر رونے کی آوازیں بھی ان کے کانوں میں آئیں۔ مصیبت زدہ لوگ تم بچے ــــ بے سہارا اور لٹی پٹی عورتیں ایک ایک دکھ کو یاد کر کے رو رہی تھیں۔ تازہ زخم نوچے جا رہے تھے۔ چھلے ہوئے زخموں سے ٹیسیں اٹھ رہی تھیں۔ وہ خاموش سنتے رہے۔ پھر نہ جانے ان میں کہاں سے طاقت آ گئی کہ وہ اٹھ بیٹھے اور زور سے چلائے: "رونے والو! یہ رونے کا وقت نہیں ہے۔ خدا کا شکر بجا لاؤ۔ تم لٹے نہیں ــــ اپنے وطن میں آباد ہونے جا رہے ہو۔ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ہندو اور انگریز کی غلامی سے آزاد ہونے جا رہے ہو۔ لوگو شکرِ خداوندی کیوں نہیں بجا لاتے! اس مالکِ دو جہان کے سامنے سربسجود ہو جاؤ، جس نے تمہیں یہ زمین عطا کی اور تمہاری قربانیوں کو رائیگاں جانے نہیں دیا۔ ہم اپنے ملک جا رہے ہیں۔ بھلا قربانیاں دیے بغیر کہیں وطن عزیز کیسے ملتا ہے۔ آج ہم اس خودمختار مملکت کے مالک بننے جا رہے ہیں جو مسلمانوں کی سرزمین ہے۔ خدا نے بڑا کرم کیا ہے اور تم روتے ہو۔ دست و بازو لٹنے پر گھر بار لٹنے پر! لوگو! میرے دوستو! میرے پاکستانیو! تم نے کر دہ تم نے صرف مادی چیزوں کو کھویا ہے۔ جنت کے کھو نہ پانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔" اور پھر انہوں نے دیکھا نہیں سنا تھا کہ روتے پیٹتے لوگ خاموش ہو گئے تھے۔ "اللہ اکبر" اور "پاکستان زندہ باد" کے نعرے لگنے لگے تھے۔ انہیں کس قدر سرور اور سکون نصیب ہوا تھا۔ وہ جو سب پیاس کو بھول گئے تھے۔ کمزوری دور ہو گئی تھی۔ یوں لگ رہا تھا جیسے نئی طاقت رگ رگ میں سرایت کر رہی ہو، اس نئی قوت نے انہیں جینے کا نیا عزم دیا تھا۔

بابا جاگ رہے تھے۔ پھر انہیں یاد آیا جب وہ اس قافلے کے ساتھ لاہور پہنچے، کس قدر خوش تھے۔ وہاں کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی تھی اور ان کے بازو ان کے ہم سفر رحمان نے پکڑے ہوئے تھے، جس کے ساتھ ایک جوان سال لڑکی تھی۔ جب انہوں نے پاکستان کی سرزمین پر قدم رکھا، تو درخواست کی تھی:

"دوست رحمان! میری آنکھوں پر سے یہ پٹی کھول دو، تاکہ میں اپنے وطن کی زیارت کر سکوں، اس مقدس دھرتی کو دیکھ سکوں۔ وہ پاک سرزمین دیکھ سکوں جس کا خواب ہم سالہا سال سے دیکھ رہے تھے۔ جس کی تمنا ہم نے آنکھ کھولتے ہی کی تھی۔"

رحمان نے کانپتے ہاتھوں سے پٹی کھول دی اور دل ہی دل میں دعا کی تھی: "خدایا ان کو نظر آتا ہو"ــــ

پٹی کھلنے کے بعد انہوں نے کہا تھا: "نظر تو آتا ہے رحمان مگر دھندلا دھندلا سا، جیسے بہت سخت سردی میں کہر پڑا کرتی ہے بلیں ایسے۔" پھر انہوں نے آنکھوں کو ملا اور اس جوان سال لڑکی کے زرد چہرے کو دیکھا جس پر افسردگی اور اداسیوں کے سیاہ بادل چھائے ہوئے تھے اور رحمان نے بھرائی ہوئی آواز سے کہا تھا: "یہ میری بیٹی ہے۔ اب بیوہ اور بے سہارا ہے۔"

اور بابا نے کہا تھا: "بیوہ ضرور ہے مگر رحمان بے سہارا نہیں۔ اللہ مالک ہے۔" پھر آگے بڑھ کر انہوں نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ "اب اسے بے سہارا نہ کہنا رحمان!"

بابا نے قریب سوئی ہوئی رضیہ کی طرف دیکھا۔ وہ بھی نیند کے مزے لے رہی تھی۔ وہ اٹھے اور آگ جلا کر چلم بھر کے حقہ پینے لگے۔ اچانک حقے کے دھوئیں میں رحمان کے چہرے اور نقوش ابھرنے لگے۔ جب وہ اور رحمان ایک جگہ رہتے تھے۔ ایک دوسرے کا سہارا بن کر اور زینت ان دونوں کی خدمت کیا کرتی۔ اسے

دیکھ کر بابا کا دل کس قدر خوش ہوتا تھا اور ایک دن جب رحمان نے کہا: "زینت کب تک بیٹھی رہے گی۔ میں اس کا نکاح کر دیتا ہوں۔ میری زندگی کا کوئی بھروسا نہیں۔" تو بابا کو دھکا سا لگا۔ ان کو اپنی بیٹی کی یاد ستانے لگی ــــ اگر...... اگر وہ زندہ ہوتی تو اتنی ہی بڑی ہوتی۔ اس کا اور زینت کا نکاح ایک ساتھ ہوتا۔ دونوں بیٹیوں کا جہیز۔ اچانک رحمان وفات پا گئے تو زینت کی تمام تر فکر بابا کو ہو گئی۔ مرتے وقت رحمان نے کہا تھا: "زینت کو بٹھائے نہ رکھنا، اس کا نکاح کر دینا۔ بیوگی کا تو داغ لگ گیا، ورنہ ابھی اس کی عمر ہی کیا ہے۔" مگر بابا جانتے تھے رحمان بنگالی ہے، زینت کے لیے ایسا ہی رشتہ درکار تھا۔ جب ایک دن عبدل نے زینت کو اپنا لیا تو بابا کتنے خوش ہوئے تھے۔ لیکن شادی کے چند سال بعد عبدل نے زینت کو چھوڑ دیا۔ اس وقت جب کہ تین سال کی بچی اس کی گود میں تھی۔ اس بچی نے بابا میں نئی زندگی بخش دی ــــ ان کے آنگن میں پھر سے رونق ہو گئی ــــ زینت اور رضیہ کو دیکھ کر وہ دن بھر کی کلفت بھول جاتے۔ پھر بابا کو وہ دن بھی دیکھنا پڑا جب دو سال کی بچی کو روتا ہوا چھوڑ کر زینت بھی انتقال کر گئی اور بابا نے رضیہ کو پروان چڑھایا۔ ان کی بانہوں میں پلی ہوئی رضیہ ان کا سرمایۂ حیات تھی۔

بابا نے پاس سوئی ہوئی رضیہ کی پیشانی چومی۔ اس کے معصوم چہرے پر مسکراہٹ پھیل رہی تھی۔ اس کا بچپن جا رہا تھا۔ مگر بابا کو وہ دو سال کی بچی معلوم ہوتی تھی جو ان کی گود میں کھیلا کرتی تھی۔ آنکھیں پرنم ہو گئیں۔ پھر یادوں کا ایک نیا منظر ان کے سامنے تھا۔ رضیہ نے ہوش سنبھالا تو ایک دن کہا: "بابا! کبھی کبھی مجھے تم سے ڈر لگتا ہے۔ جب تمہاری اندر کو دھنسی ہوئی آنکھ دیکھتی ہوں تو لگتا ہے جیسے کوئی خوفناک گہرا گڑھا ہو جس میں میں ایک دن دھنس جاؤں گی اور...... اور...... پھر کبھی باہر نہ آ سکوں گی۔"

یہ سن کر وہ زور سے ہنسنے لگے ــــ رضیہ خوفزدہ ہو کر ان سے دور بھاگ گئی ــــ انہیں پہلی بار احساس ہوا کہ ان کی ایک آنکھ ضائع ہو چکی ہے اور اس کی جگہ ایک غار سا بن گیا ہے۔ یقیناً اس اندھیرے غار سے رضیہ کو ڈر لگتا ہو گا۔ ان کا دل دھک سے رہ گیا۔ "یہ ہی تو کہتی ہے۔ رضیہ کو ضرور مجھ سے ڈرنا چاہیے۔ اتنا گہرا غار، اندھیرا اور سائیں سائیں کرتا ہوا یہ گھر۔"

اگلے ہی روز انہوں نے شیشے کی آنکھ لگوا لی، تاکہ رضیہ دھنسی ہوئی آنکھ سے نہ ڈرے۔ جب وہ پہلی بار شیشے کی آنکھ لگوا کر گھر آئے تو انہوں نے رضیہ سے سوال کیا تھا: "اب تو تجھے ڈر نہیں لگے گا؟"

وہ چونک پڑی: "نہیں بابا! اب ڈر نہیں لگے گا۔ شیشے کی آنکھ میں تو بہت کچھ نظر آ رہا ہے۔" بابا جانتے تھے کہ بھلا شیشے کی آنکھ میں کیا نظر آئے گا۔ مگر انہوں نے انجان بن کر پوچھا: "بتاؤ کیا نظر آتا ہے؟"

رضیہ نے شیشے کی آنکھ کو غور سے دیکھا اور کہا: "لگتا ہے بابا! کتنے ہی لوگ ہیں، ان کے ہاتھوں میں چھریاں، تلواریں ہیں۔ وہ ایک دوسرے کو مار رہے ہیں۔" یہ سنتے ہی بابا ایک دم افسردہ سے ہو گئے۔ مگر افسردگی کو چھپاتے ہوئے ایک سوال اور کر دیا: "کچھ اور بھی نظر آتا ہے؟"

رضیہ سنجیدہ ہو گئی تھی۔ "ہاں بابا! جیسے جیسے ایک سبز پرچم ہے، وہ ہوا میں لہرا رہا ہے اور اس سبز پرچم پر چاند اور ستارے کا نشان ہے۔" بابا نے اسے گلے لگا لیا۔

"تو نے بہت اچھی چیز دیکھی۔ بڑی سمجھ دار ہے تو۔ تجھے اپنے ملک کا جھنڈا نظر آتا ہے۔"

اس دن سے رضیہ کا معمول بن گیا۔ وہ ہر روز بابا کی شیشے والی آنکھ میں جھانکتی اور بتایا کرتی۔ گویا رضیہ کا یہ کھیل تھا جس میں بابا بھی شامل ہو جاتے۔

آدھی رات بیت چکی تھی۔ انہیں یاد آیا شام کو رضیہ نے کہا تھا: "ان کی آنکھ میں چاند کا کنارا نظر آ رہا ہے جسے کالے بادل نگلنے جا رہے ہیں۔ انہی کالے بادلوں میں جن میں سے وہ اور رحمان نکل کر آئے تھے۔" بادل اور چاند کے ٹکڑے کا خیال آتے ہی ان کا دل نہ جانے کیوں اداسیوں میں ڈوب گیا۔ وہ ساری رات بے چین رہے۔ صبح اٹھے تو ان کا من بوجھل بوجھل سا تھا جیسے کوئی زخم چھل گیا ہو، ایک چبھن سی انہیں بار بار محسوس ہو رہی تھی۔

شام کو بابا گھر لوٹے تو راجی کو گلے لگا کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ "رجو! تو نے سچ کہا تھا، چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ ہم ہار گئے۔ ڈھاکہ پاکستان سے چھن گیا۔"

رضیہ اپنی بڑی بڑی آنکھیں پھاڑے انہیں چپ چاپ تکتی رہی۔ شاید سوچ رہی تھی: "یہ میں نے کیا کہہ دیا تھا کل!"

بابا نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا: "اپنے پرائے ہو جاتے ہیں راجی! تو بہت دکھ ہوتا ہے۔ بہت دن کی بات ہے ۱۹۴۷ء میں ہندو مسلم فساد ہوا اور میں نے رام لعل کی آنکھوں میں نفرت دیکھی تو بہت دکھ ہوا تھا۔ مگر اتنا نہیں جتنا اب ہوا ہے۔ وہ تو تھا ہی پرایا، مگر یہ اپنے لوگ، صدیوں سے ایک رشتے میں بندھے ہوئے لوگ، یہ دشمن کے کیسے میں اس طرح آ گئے جیسے ہمارے ساتھ کوئی ناطہ نہ ہو۔"

بابا نہ جانے کتنی دیر تک سر جھکائے خاموش بیٹھے رہے۔ دن رات میں ڈھل گیا، مگر وہ بدستور چپ تھے۔ کچھ کھایا نہ پیا۔ اسی عالم میں رضیہ سو گئی۔ بابا سوچ رہے تھے: "کیا واقعی رضیہ کو شیشے کی آنکھ میں نظر آتا ہے؟ شاید اس کے کانوں میں فرشتے سرگوشیاں کرتے ہیں یا پھر وہم ہے ان کا سر چکرانے لگا۔" اس نے راجی سے کہا تھا کہ بہت سارے آدمی ایک دوسرے کو چھروں اور تلواروں سے مار رہے ہیں۔ وہ درندوں کی سی بے رحمی کے ساتھ لڑ رہے ہیں۔ ایک بڑا سینگ دار جانور انہیں ڈرا رہا تھا۔ شاید...... شاید وہ اسی بات پر روٹھ کر کہیں چلی گئی ہے یا اسے کوئی لے گیا۔ کہیں عبدل نہ آ گیا ہو۔ وہی عبدل جس کی وہ بیٹی ہے۔ بنگال کا عبدل۔ لیکن وہ اسے کیوں لے گیا۔ لے جائے تو۔ رضیہ اسی کی تو بیٹی ہے۔ رضیہ پر اسی کا تو حق ہے لیکن کیا میرا کوئی حق نہیں؟ میں نے ان بوڑھی بانہوں سے اسے سہارا دیا۔ اس کے لیے کتنی مصیبتوں سے دوستی کی۔ پھر بھی وہ روٹھ گئی۔ "وہ گھر سے باہر نکل آئے۔" وہ کہیں نہیں جا سکتی۔ میں اس کے سامنے جی رہا ہوں۔ اس نے تو کبھی نہیں سوچا کہ وہ اس کے بابا نہیں۔ عبدل کو وہ کیسے جانے گی بھلا۔ آنکھ کھول کر تو اس نے مجھے دیکھا ہے۔"

اچانک انہوں نے دیکھا اس کھوکھلے درخت کے تنے میں سیاہ ناگ بیٹھا ہے۔ اس کی کالی کالی آنکھیں چمک رہی ہیں، منہ کھلا ہوا ہے، جیسے زہر اگل رہا ہو۔ کہیں اس نے تو میری رجو کو نہیں نگل لیا؟ وہ بے دھڑک سانپ کے قریب پہنچ گئے جیسے اس سے پوچھنا چاہتے ہوں: "تو نے رضیہ کو ڈس لیا ہے کیا؟" وہ اور قریب ہو گئے مگر سانپ ٹس سے مس نہیں۔ ان کا جی چاہا سانپ انہیں ڈس لے۔ رضیہ کے بغیر زندگی کیسے گزرے گی۔ مگر وہ ٹس سے مس نہ ہو رہا تھا۔ اچانک کسی نے پیچھے سے آ کر ان کی کمر میں بانہیں ڈال دیں۔ "بابا، میرے ابو!" رضیہ چلائی اور بابا کا دل اس کی آواز سنتے ہی دھڑکنے لگا۔ "تو آ گئی رجو! کہاں تھی بیٹی!"

"میں تو یہیں تھی بابا۔ کالی چڑیا کو پکڑنے گئی تھی۔ راستے میں ماسی مل گئی تھی۔ اس کی لڑکی کہتی ہے بابا تم بنگال ہو۔ ہم بنگالی ہیں کیا؟"

بابا نے اسے سینے سے لگا لیا۔ "اب چل گھر۔ دیکھ وہ ناگ بیٹھا ہے۔ میں تو سمجھا تھا کہیں اس نے تجھے......"

دوسرے دن خبر آئی تھی کہ ڈھاکہ میں فساد ہو گیا۔ پھر ایک دن اس نے کہا: "ایک بوڑھا آدمی زار و قطار رو رہا ہے۔ کون ہو سکتا تھا وہ؟" اس وقت اس کی سمجھ میں کچھ نہ آیا۔ لیکن وہ بوڑھا رونے والا قائداعظم کے سوا اور کون ہو سکتا ہے؟ ان کی روح یقیناً بے قرار ہو گی۔ اس بات تو انہیں اپنے آپ سے اور شیشے والی آنکھ سے ڈر لگنے

لگا۔ ان کا جی چاہا وہ اس شیشے کو نکال کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیں لیکن رضیہ دھنسی ہوئی آنکھ کیسے دیکھ سکے گی؟ وہ اپنے آپ پر ہنس دیے۔ بھلا شیشے کی آنکھ میں کیا نظر آ سکتا ہے۔ راجی تو ایسے ہی جو جی میں آتا ہے کہہ دیتی ہے۔ محض ہنسنے ہنسانے کے لیے...... مگر وہ بوڑھے کے رونے اور چاند والی بات تو اس کے دل میں جم کر رہ گئی۔ اس کے بعد انہوں نے راجی سے کبھی کچھ نہ پوچھا۔

ایک دن شام ہونے کے باوجود بابا گھر نہ آئے تو رضیہ پریشان ہو کر گھر سے باہر نکل آئی۔ شفق کے انگارے شام کے ساگر میں ڈوب ڈوب کر بکھر رہے تھے۔ وہ دیر تک اس راستے کو تکتی رہی جدھر سے بابا آیا کرتے تھے۔ کھوکھلے درخت کے تنے میں سے ایک کالی چڑیا اڑی اور رگ اس پر بیٹھ گئی۔ رضیہ نے دوڑ کر اس کو پکڑنا چاہا۔ چڑیا اڑ گئی۔ اس نے تعاقب شروع کر دیا۔ اسی تگ و دو میں وہ گھر سے دور نکل آئی۔ سورج ڈوب گیا تھا اور اندھیرے نے سیاہ چادر پھیلا دی تھی۔

ادھر بابا گھر آئے تو ان کا دل دھک سے رہ گیا۔ رضیہ گھر میں نہ تھی اور دروازہ کھلا تھا۔ انہوں نے آوازیں دیں مگر جواب ندارد۔ ان کے دل نے کہا: "پرائی تھی نا! لیکن وہ تو اتنی محبت کرتی تھی اور پھر میں نے اسے کہا کیا ہے؟" انہیں کل کی بات یاد آئی۔ جب انہوں نے زندگی میں پہلی بار غصے میں آ کر اس کے گال پر ایک چانٹا مارا۔

رضیہ نے ناگ کو دیکھ کر چیخ ماری۔ بابا اسے اٹھا کر گھر لے آئے۔ "رضیہ ڈرو نہیں۔ جب خطروں کا مقابلہ کیا جاتا ہے تو ان کی حقیقت کچھ بھی نہیں رہتی۔ میرے جیتے جی تجھے ناگ کیا کہہ سکتا ہے؟"

رضیہ رو دی: "تم...... تم بابا اتنی دیر سے کیوں آئے، میں تمہیں دیکھنے باہر چلی گئی تھی۔ تبھی وہ کالی چڑیا مجھے مل گئی، بالکل سیاہ تھی وہ اس ناگ کی طرح۔"

بابا نے رضیہ کو تسلی دی: "یوں ڈرا نہیں کرتے۔ تو نے بہت دن سے نہیں بتایا کہ اب تجھے میری آنکھ میں کیا نظر آتا ہے؟ آج بتا دو۔"

انہوں نے کہہ تو دیا مگر وہ کچھ اداس سے ہو گئے۔ کیوں یہ اول فول نہ کہہ دے۔ ان کے سینے میں جلن سی ہونے لگی۔ کچھ عجیب سی بے قراری، بے چینی سی۔ راجی مسکرا دی۔ آنسو پونچھ کر ان کی آنکھ میں دیکھنے لگی۔ اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی، انہوں نے کہا: "شیشے کی آنکھ میں بھلا کیا نظر آ سکتا ہے رجو! تو اور میں دونوں پاگل ہیں۔"

"نہیں تو۔" وہ برابر آنکھ کی جانب سنجیدگی سے دیکھ رہی تھی۔ پھر بولی: "لگتا ہے بابا! کچھ نہیں لگتا۔ میں آج نہیں بتاؤں گی۔" بابا نے بار بار کہنا مناسب نہیں سمجھا۔ رضیہ نے ایک سوال کر دیا: "بابا! سلمی کہہ رہی تھی، تم بنگالی ہو۔ اب بنگہ دیش کیوں نہیں جاتے؟"

وہ یہ سن کر سنجیدہ ہو گئے۔ "وہ ٹھیک کہتی ہے۔ سلمی تو چڑیل ہے۔ ایسی باتیں نہ سنا کر۔"

دوسرے دن وہ شام کو لوٹے تو سلمی اور رضیہ کھیل رہی تھیں۔ رضیہ کہیں چھپی ہوئی پکار رہی تھی: "سلمی مجھے ڈھونڈ لے، میں کہاں ہوں۔" اور بابا کا دل خوشی سے کھل گیا۔ رضیہ کھیل رہی ہے، سلمی ہنس رہی ہے۔ انہیں یوں لگا مغربی اور مشرقی پاکستان ایک ہو گئے ہیں۔ کھیل ختم ہوا تو انہوں نے رضیہ کی کالی کالی کٹورا سی آنکھوں میں جھانک کر کہا: "بتاؤ آج میری آنکھ میں کیا نظر آتا ہے؟" رضیہ نے دیکھا، تو بولی: "بابا! لگتا ہے جیسے نیلگوں صاف آسمان ہے اور بہت سارے تارے نکلے ہوئے ہیں۔ ان تاروں میں ایک چاند چمک رہا ہے۔ چاند کے دونوں سروں پر لوگ کھڑے ہیں۔" وہ چپ ہو گئی، تو بابا نے کہا: "اور کیا دکھائی دیتا ہے تجھے؟"

"اور لگتا ہے جیسے چاند کے دونوں سرے مل گئے ہوں۔ چاند سے باہر جہاں بہت سے تارے ہیں نا! وہاں کتنے ہی لوگ چپ چاپ کھڑے ہیں۔ ایک تارے میں ایک لمبی تیر سی ہے، جو چمکنے لگی ہے اور بتاؤں یہ بھی دکھائی دے رہا ہے، دور پرے ایک تیر لمبی

بقیہ صفحہ نمبر ۱۵ پر

قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے مسئلہ پر بحث ہو گی

قومی اسمبلی میں بنگلہ دیش پر بحث مکمل ہونے تک مجیب لندن ہی میں رہیں گے

لندن میں مجیب بھٹو ملاقات کے امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔ بی بی سی

عوام بنگلہ دیش کے بارے میں حقیقت پسندانہ انداز فکر اختیار کریں

حکومت ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی مشترکہ کارپوریشن قائم کرنے پر غور کر رہی ہے ۔ کوثر نیازی

لیبیا نے مصر کے ساتھ ادغام اور دونوں ملکوں کی ایک ریاست کے قیام کی پیشکش کر دی

کرنل قذافی نے لیبیا کی انقلابی کونسل کے فیصلہ کا اعلان کر دیا

بنگلہ دیش اور مشرقی بھارت کی ریاستوں پر مشتمل نئی مملکت بوڈرش بنائی جائے : بھاشانی

مغربی بنگال تری پورہ اور آسام کو بھارت سے علیحدہ کرایا جائے گا

نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ نے نئی ریاست کا خاکہ پیش کر دیا

دلیپ کمار ثقافتی وفد کے ساتھ اگست میں پاکستان آئیں گے

محب وطن غیر بنگالیوں کی فوری واپسی کا انتظام کیا جائے ۔ نصر اللہ خان

مشرقی پاکستان میں محب وطن پاکستانیوں پر ہونے والے مظالم پر اظہار تشویش

حزب اختلاف پر فوجی آمریت کیلئے کوششوں کا الزام غلط ہے

شیخ مجیب کی گرفتاری کو چیلنج کیا جائے

بھارت نے اقوام متحدہ سے کشمیر میں متعین مبصرین ہٹا لینے کا مطالبہ کر دیا

دسمبر ۱۹۷۱ء کی جنگ کے بعد جنگ بندی لائن کا کوئی وجود نہیں رہا ۔ مبصرین کی ضرورت باقی نہیں رہی ۔ تمام مبصرین واپس بلائے جائیں ۔ اقوام متحدہ کو بھارت کی یادداشت

تنازعہ کشمیر ایجنڈے پر موجود ہے ۔ مبصرین کا کام مکمل نہیں ہوا

مبصرین جنگ بندی لائن اور نئی کنٹرول لائن کی نگرانی کریں

اقوام متحدہ کو بھارت کے موقف سے آگاہ کر دیا گیا ہے ۔ اپنے نمائندہ کو حکومت پاکستان کی ہدایت

کنسورشیم سے ۱۴ کروڑ ۲ لاکھ ڈالر کی امداد ملے گی ۔ ایم ایم احمد

موجودہ بحران کو دنیا کیا ہے کیا بنا دیا جائے گی

پاکستانی جنگی قیدی فوراً رہا کئے جائیں

مسلم متحدہ محاذ سری لنکا کا بھارت سے مطالبہ

سماجی بہبود کی پالیسی جلد جاری کر دی جائے گی

اخبارات پر پابندی اور اخبار نویسوں کے خلاف حکومت کی کارروائی آزادی صحافت کیلئے لمحہ فکریہ ہے

حکمران جماعت کے بعض عناصر ملک کے مفادات کے منافی سرگرمیوں میں مصروف ہیں : میاں طفیل

وقت آئے گا جب انسان مہذب ہو گا

جب دلائل ہی سے حل سارے مسائل ہوں گے

میوزیم ہی میں نظر آئیں گے مہلک ہتھیار

لوگ منطق سے براہین سے قائل ہوں گے

آئین لازماً اسلامی ہوگا: صدر بھٹو

مستقل آئین کی کوئی شق اسلامی ضوابط کے منافی نہ ہوگی

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

طلبا مستقبل کی ذمہ داریوں کیلئے خود کو تیار کریں

حیدرآباد (اے پی پی) صدر بھٹو نے ... سندھ یونیورسٹی ... ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے ... اسلامی آئین کا مطالبہ کر رہے ہیں ... آئین کی مخالفت نہ کی تھی ... اسلامی قوانین کے مطابق ... آئین مستقل طور پر مرتب کر رہے ہیں ... پیدا ہو جائیں گی۔

ہنگامے جاری رہے تو باقی پاکستان بھی ختم ہو جائے گا

★ ★ ★ ★

سندھ میں اردو کو سرکاری زبان قرار نہ دینا حیرت انگیز ہے: غلام اعظم

ملتان (پ پ ا) جماعت اسلامی کے پروفیسر غلام اعظم نے ملک میں داخلی فسادات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ... انہوں نے کہا کہ فسادات سے پاکستان دشمن عناصر کے ہاتھ مضبوط ہوں گے جو مسلمانوں کی اس مقدس سرزمین کو تباہ کرنے کے لئے سازشیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک بحران کے موقع پر قومی اتحاد کی شدید ضرورت ہے اور اگر یہ ہنگامے مغربی پاکستان میں مزید جاری رہے تو اس سے ہم بچے کھچے پاکستان سے بھی ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔ انہوں نے کہا یہ بات حیرت انگیز ہے کہ مغربی پاکستان کے تین دوسرے صوبوں نے تو اردو کو قومی زبان کے طور پر اپنا لیا ہے لیکن سندھ میں سندھی کو صوبائی زبان قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فسادات کی وجہ سے سندھ میں جو نقصان ہوا وہ قومی نقصان ہے ...

جہیز اور دلہن کے تحائف کی مالیت تین ہزار روپے سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے

جہیز پر پابندی کا بل ارکان اسمبلی کی منتخبہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا

لاہور (اے پی پی) پنجاب اسمبلی نے جہیز ... کی مالیت کی زیادہ سے زیادہ حد تین ہزار روپے مقرر کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

ڈی پی دھر مرکزی وزیر بنا دیئے گئے

نئی دہلی (اے ایف پ۔ رائٹر۔ یو پی آئی) بھارتی وزیراعظم ... وزیر اطلاعات و نشریات ... کا قلمدان سنبھالیں گے۔

★ ★ ★ ★

بھارتی فوجیں آئندہ ماہ کے آخر تک واپس چلی جائینگی

۱۲ لاکھ بے خانماں افراد دوبارہ اپنے گھروں میں آباد ہو جائیں گے

اسلام آباد (اے پ پ) بھارت اور پاکستان کے ... معاہدے کی توثیق کے کاغذات ... کی واپسی کا عمل شروع ہو جائے گا ... صدر بھٹو اور بھارت کی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی نے ... شملہ ... کے تحت ... اس پر ... جنگ میں بھارتی فوج نے ... وہ پاکستان کو واپس مل جائیگا اور کوئی بارہ لاکھ بے خانماں لوگ اپنے گھروں میں دوبارہ آباد ہو سکیں گے۔ آج بھارت کی طرف سے توثیق ...

... ان ملاقاتوں میں جنگی قیدیوں کی واپسی ... اور ... سفارتی تعلقات کی بحالی جیسے اہم مسائل پر بات چیت ہوگی۔

صدر گری نے معاہدہ شملہ کی توثیق کر دی

نئی دہلی (اے پ پ) ... صدر وی وی گری نے آج بھارت پاکستان کے درمیان شملہ میں ہونے والے سمجھوتے کی توثیق کر دی ... دستاویزات اب پاکستان کو بھیجی جائیں گی ... پاکستان کی قومی اسمبلی پہلے ہی توثیق کر چکی ہے۔

جنگی قیدیوں کی واپسی صدر بھٹو کا اظہار امید

اسلام آباد (اے پی پ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ جنگی قیدیوں کی واپسی کے سلسلے میں پاکستان اور بھارت کے درمیان ... جلد ہی ایک معاہدہ ہو جائیگا ... انہوں نے کہا ... صدر نے ... عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ... کا اظہار کیا۔

مستقل آئین کا مسودہ اکتوبر سے قبل پیش نہیں کیا جا سکے گا (خصوصی)

۱۴ اگست کو قومی اسمبلی میں عبوری آئین میں بعض ترامیم پیش کی جائیں گی

دو ایوانی مقننہ اور صدر کے خواہ واسطہ انتخاب کا سوال ابھی فیصلہ طلب ہے

اسلام آباد (اے پ پ) مرکزی وزیر قانون ... قومی اسمبلی کے ۱۴ اگست کے اجلاس میں مسودہ آئین پیش نہیں کیا جا سکے گا ... ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ ... ۱۴ اگست کو قومی اسمبلی آئین ساز ادارے کے طور پر اجلاس کرے گی ... اجلاس ملتوی ... آئینی سازی کا کام مکمل کرنا ممکن نہیں ... آئینی ساز کمیٹی اپنی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں توسیع کی درخواست کرے گی۔ خیال ہے کہ رپورٹ یکم اگست تک مکمل ہو جاتی۔ وزیر قانون نے بتایا کہ آئین کے بنیادی اصول یہ ہوں گے کہ آئین وفاقی پارلیمانی ہوگا اور مرکزی کابینہ قومی اسمبلی کو جوابدہ ہوگی۔

ایشیائی ترقیاتی بنک کے لئے جرمنی کی امداد

بون (اے پ پ۔ رائٹر) صدر ایشیائی ترقیاتی بنک ... مغربی جرمنی کے ترقیاتی امداد کے وزیر سے ملاقات ... جرمنی نے بنک کے لئے ... امداد ... کا اظہار کیا ہے۔

اردو بولنے والوں کو تیار کرو

میرپور خاص (نمائندہ خصوصی) صدر بھٹو سے ملاقات کرنے کیلئے مختلف وفود کو جس انداز میں ترتیب دیا جا رہا ہے وہ بڑی معنی خیز ہے ... جب پوچھا گیا کہ اردو بولنے والوں کا وفد کیوں نہیں آیا ... میرپور خاص کے ڈپٹی کمشنر ... اردو بولنے والوں کو تیار کرو ... صدر بھٹو کے دورہ سندھ میں مختلف ... اردو بولنے والوں کے وفود میں بھی ایسے ہی غیر معروف افراد شامل کئے گئے جبکہ مہاجروں کے معقول اور صحیح نمائندوں کی کمی نہ تھی۔

طلبا کو کھلی نعرہ بازی سے باز آ جائیں: میر گل خان نصیر

کوئٹہ (اے پ پ) صوبائی وزیر اطلاعات و تعلیم میر گل خان نصیر نے طلبا سے اپیل کی ہے کہ وہ کھلی نعرہ بازی سے باز آ جائیں ... انہوں نے کہا کہ طلبا کے مسائل ... حکومت ان کے مسائل سے پوری طرح آگاہ ہے اور ان کو حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔

★ ★ ★

ہم بڑی طاقت ہیں: امیر اعتصام

حیدرآباد (پ پ ا) صدر بھٹو نے آج ... معاہدہ کو جنگ نہ کرنے کا معاہدہ قرار دینے والوں کے طرز فکر کو غلط قرار دیتے ہوئے کہا ... ہم ایک بڑی طاقت نہیں، سپر طاقت ہیں ... صدر نے کہا ... پاکستان کے مسائل حل ... صدر نے کہا ... پاکستان کے ... تیار ہیں۔

حمود الرحمن کمیشن کی رپورٹ شائع کی جائے یحیٰ خان پر مقدمہ چلایا جائے

کسی دن معلوم ہوگا کہ یحیٰ خان فرار ہو گئے ہیں، ملتان میں میاں طفیل محمد کی تقریر

ملتان (نمائندہ جنگ) جماعت اسلامی کے قائم مقام امیر میاں طفیل محمد نے مطالبہ کیا ہے کہ یحیٰ خان پر کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے اور حمود الرحمن کمیشن کی رپورٹ کو شائع کیا جائے۔ وہ آج رات ابن قاسم باغ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا ... پیپلز پارٹی ... اسلامی ... خواجہ ناظم الدین مرحوم ... چوہدری محمد علی کی قیادت میں دوسری دستور ساز اسمبلی ... یحیٰ خان نے دستور بنایا ... کیا انہوں نے یحیٰ خان کو دستور بنانے کا موقع دیا۔

● ● ● ● ●


مجیب دن آج بھی مقبوضہ مشرقی پاکستان میں پاکستان کا نعرہ لگاتے ہیں

بھاشانی گروپ کو چینی اسلحہ سے پہاڑی علاقوں میں تربیت دی جا رہی ہے

۴۷ کے ہندو مہاجر واپس آ کر بنگالیوں سے اپنی جائداد خالی کرا رہے ہیں

منڈی بہاؤالدین (نمائندہ خصوصی) گزشتہ روز مسٹر محمد رمضان غوری نو ماہ تک بنگلہ دیش میں محصور رہنے کے بعد نیپال کے راستے ... وطن واپس آئے ہیں ... نمائندہ جنگ کو ایک خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ مشرقی پاکستان میں ایسے محب وطن بنگالیوں کی تعداد بہت زیادہ ہے جو بنگلہ دیش کی صورت میں پاکستان سے علیحدہ ہو کر ہرگز رہنا نہیں چاہتے۔ انہوں نے ... مغربی پاکستان کے باشندوں اور بہاریوں کو مکتی باہنی کے غنڈوں کے ظلم و ستم سے بچانے کی بھرپور کوششیں کی ہیں۔ اس بات کی زندہ مثال میں خود اور میرے ساتھ آنے والے دوسرے ساتھی ہیں ... انہوں نے بتایا کہ ... مجیب کی عوامی لیگ اور مکتی باہنی سے تعلق رکھتے تھے ان سے اکثر کو یہ کہتے سنا ہے کہ وہ پاکستان سے الگ ہو کر کسی صورت میں بھی رہنا نہیں چاہتے ...

... ہیں لیکن ان کے باوجود قائداعظم کے پاکستان کو دو ٹکڑے دیکھنا گوارا نہیں کرتے۔ آپ نے بتایا کہ اب مجیب کی مکتی باہنی جو پہلے ہی دو گروپوں میں بٹ چکی تھی اپنا وقار کھو چکی ہے۔ اب بھاشانی گروپ کی تحریک زوروں پر ہے۔ ڈھاکہ میں یہ بات عام ہے کہ حکومت چین بھاشانی گروپ کے نوجوانوں کو چینی اسلحہ سے پہاڑی علاقوں میں فوجی تربیت دے رہی ہے اور یہ کہ جلد ہی بنگلہ دیش میں ایک نیا انقلاب آنے والا ہے جو مجیب کی حکومت کو خس و خاشاک کی طرح بہا لے جائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ ڈھاکہ شہر میں ہڑتال، جلوسوں، جلسوں اور مظاہروں کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ مظاہرین "مجیب کٹا ہی" اور "پاکستان زندہ باد" کے پرجوش نعرے لگا رہے ہیں۔ آپ نے بتایا کہ سنہ ۴۷ کے مہاجر ہندو واپس آ کر بنگالیوں سے اپنی جائیدادیں خالی کرا رہے ہیں ... آخر میں آپ نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بنگلہ دیش میں متحدہ پاکستان کے حالات بڑے اچھے جا رہے ہیں ... بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے میں ... کوششیں ناکام ہو جائیں گی۔



اک ملتہ مرے پاس ہے شمشیر کی مانند
برندہ و صیقل زدہ و روشن و براق
افرنگ یہ پہچان کر آفاق میں گم ہے
مومن کی یہ پہچان کہ گم اس میں ہیں آفاق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صدائے پاکستان
پندرہ روزہ

ٹرانٹو کینیڈا

یاد کرو وہ وقت جب کہ تم تھوڑے تھے ، زمین میں تم کو بے زور سمجھا جاتا تھا۔ تم ڈرتے رہتے تھے کہ کہیں لوگ تمہیں مٹا نہ دیں۔ پھر اللہ نے تم کو جائے پناہ مہیا کر دی۔ اپنی مدد سے تمہارے ہاتھ مضبوط کیے اور تمہیں اچھا رزق پہنچایا تاکہ تم شکر گزار بنو۔

اے ایمان والو! جانتے بوجھتے اللہ اور اس کے رسولؐ کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

تحریک پاکستان، تاریخ کے مختلف ادوار سے گذری ہے
اس کیلئے مسلمانوں نے عظیم قربانیاں دیں

ار تقا کے لیے بالکل الگ اور آزاد فضا چاہیے ہے۔ یہ نعرہ آپ کی سیاست کا محور اور مسلمانوں کی آرزوؤں کا مظہر تھا۔ آپ نے مسلمانوں کی علیحدہ قومیت کے نعرے کی وضاحت یوں کی۔

ہم یہ کہتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ لفظ قوم کی کسی بھی تعریف اور امتحان کی رو سے مسلمان اور ہندو دو بڑی قومیں ہیں۔ ہم دس کروڑ افراد کی ایک قوم ہیں اور مزید برآں ہم ایک ایسی قوم ہیں جس کی اپنی مخصوص ثقافت، تمدن، زبان اور ادب، آرٹ اور معماری، نام اور ناموں کا سلسلہ، قدروں کا معیار، اخلاق اور انفرادیت ختم ہو جائے۔

(۲) ہر قوم کا اپنا ملک یا علاقہ ...

۱۹۴۰ء سے قبل

سیاسی تاریخ کی تفہیم

ملک و ملت کے وسیع تر مفادات کو نقصان پہنچانے والے
عوام کو اقتصادی بحران اور معاشی ابتری سے نجات نہیں دلا سکتے

حافظ بشیر احمد غازی آبادی

چہ کنم کہ فاسد بعد حیات ہی بازی
کہ زمانہ باز سازی ...

قائداعظم نے فرمایا

پاکستان اور اسلام کی عزت بچانے کے لیے ہمیں موت کا مقابلہ بہادری سے کرنا چاہیئے۔ مسلمان کے لیے اس سے بہتر وسیلہ نجات اور کوئی نہیں ہو سکتا کہ حق کی خاطر شہید کی موت مرے۔

جلسہ عام لاہور - ۳۰ اکتوبر ۴۷ ۱۹ء

فرمودۂ اقبال



از کائنات کا معنی دیریاب تو!
نکلے تری تلاش میں قافلہ ہائے رنگ و بو!
جلوتیان مدرسہ کور نگاہ و مردہ ذوق
خلوتیان میکدہ کم طلب و تہی کدو!
میں کہ مری غزل میں ہے آتش رفتہ کا سراغ
میری تمام سرگزشت کھوئے ہوؤں کی جستجو!

بال جبریل



پندرہ روزہ

صدائے پاکستان ٹرانٹو

جلد ۱ | ۱۴ اگست ۱۹۷۳ء | نمبر ۱



بسم اللہ الرحمن الرحیم





پاک سرزمین شاد باد
کشورِ حسین شاد باد
تو نشانِ عزمِ عالی شان
ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سرزمین کا نظام
قوتِ اخوتِ عوام
قوم ملک سلطنت پائندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مراد

پرچم ستارہ و ہلال
رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال
جانِ استقبال
سایۂ خدائے ذوالجلال


استقلال نمبر
